© rasailojaraid.com



بنتِ امیرِ شریعت سیدہ ام کفیل مدظلہا

# احساسات

مدفنِ آرزو ہوں میں' مرقدِ خواہشات ہوں
بادِ فنا کا ہم سفر ذرۂ بے ثبات ہوں

دیدہ وروں نے جھانک کر دیکھا نہیں کبھی ادھر
درد و خلوص و مِہر کی چھوٹی سی کائنات ہوں

جوئے وفا کے کھوج میں رَہروِ شش جہات ہوں
دل کو قرار ہی نہیں منتظرِ ممات ہوں

سوزشِ قلب میں ڈھلے فکر و ہموم رنج و غم
خالقِ کائنات کی مرضی سے بس حیات ہوں

دارِ بنی ہاشم، ملتان
۱۸؍ اگست ۲۰۰۴ء



© rasailojaraid.com